## تمرین

۱۔ شیخ ابو سعید به مردمان چه گفت ؟

۲۔ خادمِ خاصِّ شیخ ابو سعید درجوابِ سؤالِ شیخ چه گفت؟

۳۔ شیخ به خواجه عبد الکریم چه گفت؟

۴۔ آیازنی دانسته خاکستر به جامهٔ شیخ انداخت یانادانسته ؟

۵۔ مندرجہ ذیل افعال کے صیغے اور ترجمہ لکھیے :

می گفتند۔ خواهیم گفت ۔ خواست۔ می نوشتم ۔ می گذرد۔

۶۔ نادانسته (نا+دانسته ) جیسے پانچ الفاظ اور ان کے معانی لکھیے:

۷۔ فارسی میں ترجمہ کیجیے:

حضرت شیخ ابو سعید ابو الخیرؒ ایران کے عظیم صُوفی اور نامور شاعر تھے ۔ وہ بڑے صاحبِ دل آدمی تھے ۔ لوگ دُور دُور سے اُن کی زیارت کے لیے آتے تھے ۔ اُن کی خوبصورت باتیں لوگوں کو بہت متاثر کرتی تھیں۔ اُن کی فارسی رُباعیاں آج بھی بہت مقبول ہیں۔

# رُودَکی سمرقندی

فارسی کا عظیم شاعِر رودکی سمرقندی ، چوتھی صدی ہجری میں سمرقند کے نواحی قصبے "رودک" میں پیدا ہُوا۔ اِسی نسبت سے اُسے رودکی سمرقندی کہا جاتاہے ۔وہ ایک عالم وفاضل شخص اور ماہر موسیقار تھا ۔ سامانی بادشاہوں کے دربار سے وابستہ رہا۔ وہ بینائی سے محروم تھا لیکن اس کے باوجود اس نے بڑی بھرپور عملی زندگی گزاری ۔ اس کا انتقال ۳۲۹ھ/ ۹۴۰ء میں ہُوا۔

رُودکی ، فارسی کاوہ پہلا خوش نصیب شاعرہے جِس کا دیوان محفوظ رہ گیا ہے ۔ وہ قصیدہ ، مثنوی ، غزل اور مرثیہ جیسی اصنافِ سخن میں کامل مہارت رکھتا تھا۔ اُس کا کلام آسان اور پُرتاثیر ہے ۔ اِنسانی جذبات واحساسات اور مناظرِ فطرت کے بیان میں اُسے غیر معمولی قدرت حاصِل ہے ۔ فکری اور فنّی اعتبار سے اُس کا کلام بہت اعلیٰ پائے کا ہے ۔ یہی وجہ ہے کہ اُسے "استادِ شاعراں" اور "سلطانِ شاعراں" کے لقب سے یاد کیا جاتا ہے ۔

☆☆☆

# اَی بُخارا شاد باش!

بُـوی جُـویِ " مُـولیـان " آیدهمی — یـادِ یـارِ مهـربـان آیـد هـمـی
ریگِ " آمـو" ودُرشتـی هـایِ اُو — زیـرِ پـایَـم پـرنیـان آیـد هـمـی
آبِ "جیجُون" ازنشاطِ رُوی دوست — خِـنگِ مـارا تـامیـان آیدهـمـی
اَی بُـخـارا! شـاد بـاش و شـادزِی — مِیر سُـویَـت میهـمـان آیـد هـمی
میرماه است و "بُخارا" آسمان — مـاه سُـویِ آسـمـان آیـد هـمـی
میر سرُو است و بُخارا بُوستان — سَـرُوْ سُـویِ بُـوستـان آیـد هـمـی

(رود کی سمرقندی)

# فرہنگ

بُوی : خوشبو

جُوی : ندی

مُولیان: بخارا کے نزدیک ایک ندی

بخارا : ازبکستان کا ایک مشہور تاریخی شہر۔ جہاں امام بخاریؒ کا مزار ہے۔

ریگ : ریت

آمو : دریائے جیحون کا پرانا نام۔

درشتی : کھردرا پن / کھردری ۔ سختی

**پرنیان**: ریشم

خِنگ : سفید گھوڑا۔

زی : (زیستن: جینا، مضارع زید) جیو، فعل امر۔

## تمرین

۱۔ سرایندۂ این قصیدہ کسیت؟

۲۔ جُویِ مُولیان در کجا است؟

۳۔ شاعر از کُدام شهر ستایش کرده است؟

۴۔ بُخارا در کُدام کشور است؟

۵۔ رود کی درچه سالی فوت کرد؟

۶۔ "استعارۃ" کی تعریف لکھیے۔ آخری دو شعروں میں آنے والے استعاروں کی وضاحت کیجیے۔

۷۔ مندرجہ ذیل الفاظ کے متضاد لکھیے۔مہربان۔ دُرشتی۔ شادمان۔ آسمان

۸۔ سبق میں استعمال ہونے والے مرکبِ توصیفی اور مرکبِ اضافی الگ کیجئے۔